AQF / Shabbir

03-10-2023

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ اور تلنگانہ میں مختلف پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ دلی پولیس نے NIA کو سب سے زیادہ مطلوب ISIS کے مشتبہ دہشت گرد شاہنواز اور دیگر دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن اگلے تین روز کے دوران تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔

☆ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ اسرو کو اب دنیا میں سرکردہ خلائی ایجنسی تصور کیا جاتا ہے۔ انھوں نے اسرو سائنسدانوں کو مبارکباد دی۔

☆ Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں پی وی سندھو اور ایچ ایس پرونائے آج بیڈمنٹن میں اپنی سنگلز مہم کا آغاز کریں گے۔ Lovlina Borgorhain اپنا سیمی فائنل میچ کھیلیں گی۔

بھارت نے تمغوں کی فہرست میں سونے کے 13، چاندی کے 24 اور کانسے کے 23 تمغوں کے ساتھ کُل 60 تمغے حاصل کیے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

CHHATTISGARH PM PROJECTS

وزیراعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ اور تلنگانہ کا دورہ کریں گے جناب مودی Jagdalpur میں، چھبیس ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ جگدلپور چھتیس گڑھ میں قبائلی بستر ڈویژن کا ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ VC/- Vikalp Shukla

*وزیراعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ کے قبائلی بستر ضلعے کے Nagarnar میں سرکاری سیکٹر*

کے نیشنل منرل ڈولپمنٹ کارپوریشن۔NMDC کے ذریعے قائم کیے گئے فولاد کا پلانٹ قوم کے نام وقف کریں گے جسے 24 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا ہے۔ مربوط اسٹیل پلانٹ اعلیٰ معیار کا فولاد تیار کرے گا اور اس پلانٹ سے ہزاروں لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ اس پلانٹ کے شروع ہونے سے یہ قبائلی علاقہ دنیا کے فولاد کے نقشے میں اپنا مقام حاصل کرلے گا۔ یہ قبائلی علاقہ کسی وقت میں ماؤنواز سرگرمیوں کے لیے بدنام تھا۔ جگدلپور کے اپنے دورے کے دوران وزیراعظم جگدلپور ریلوے اسٹیشن کی تجدید کاری کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے اور Antagarh اور Taroki کے درمیان نئی ریلوے لائن قوم کے نام وقف کریں گے۔ وہ جگدلپور، دانتے واڑہ درمیان ڈبل ریل لائن بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔ وزیراعظم Taroki اور رائے پور کے درمیان ٹرین سروس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ وزیراعظم قومی شاہراہ 45 پر Kunkuri اور چھتیس گڑھ۔جھارکھنڈ سرحد کے درمیان تیار کی گئی نئی سڑک بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر

تلنگانہ میں وزیراعظم Manoharadabad اور Siddipet کے درمیان نئی ریلوے لائن قوم کے نام وقف کریں گے ساتھ ہی ساتھ وہ آج سہ پہر تلنگانہ میں نظام آباد سے آندھرا پردیش میں Dharabad-Manoharabad ، محبوب نگر اور Kurnool کے درمیان بجلی کاری بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔ وہ نظام آباد سے آٹھ ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروگرام بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔ وزیراعظم Ramagundam میں جدید نوعیت کا آٹھ سو میگاواٹ NTPC بجلی کا پلانٹ بھی قوم کے نام وقف کریں گے۔ بجلی کا یہ پلانٹ 85 فیصد بجلی پیدا کرے گا جسے کم لاگت پر ریاست میں استعمال کیا جائے گا اور یہ نارتھ ساؤتھ گرڈ کنکٹوٹی کو بہتر بنائے گا۔ وزیراعظم 20 ضلع ہیڈ کوارٹر میں پردھان منتری آیوشمان بھارت صحت بنیادی ڈھانچے کے تحت پچاس بستر والے Critical Care blokcs کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔

<u>**DELHI POLICE TERRORIST**</u>

دلّی پولیس کے خصوصی سیل نے جنوبی دلّی میں جیت پور سے قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA کو سب سے مطلوب اور مشتبہ ISIS کے دہشت گرد شاہنواز کو گرفتار کیا ہے۔ اس دہشت گرد کے علاوہ دو افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے، جن کی گرفتاری پر قومی تحقیقاتی ایجنسی نے انعام رکھا تھا۔ دہشت گردی سے نمٹنے والی ایجنسی نے گرفتار کئے گئے دہشت گرد شاہنواز پر تین لاکھ روپے کا انعام رکھاتھا۔ شاہنواز کا تعلق جنوب مشرقی دلّی سے ہے اور وہ پونے میں ISIS معاملے میں مطلوب تھا۔

ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پولیس کے خصوصی کمشنر H.S. Dhaliwal نے بتایا کہ شاہنواز کے خفیہ ٹھکانوں سے بم بنانے کے طریقہ سے متعلق مواد اور دیگر قابل اعتراض سامان برآمد ہوا ہے۔

پولیس کے مطابق ان تینوں مطلوب مشتبہ دہشت گردوں کو اس سے پہلے صبح سویرے عدالت میں پیش کیا گیا تھا اور انہیں 7 دن کیلئے پولیس کی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔×

**HYDERABAD-ECI**

چیف انتخابی کمشنر راجیو کمار کی سربراہی میں انتخابی کمیشن کی ایک ٹیم آئندہ تین دنوں تک تلنگانہ میں انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گی۔ اپنے دورے کے دوران انتخابی کمیشن کی ٹیم کے اَرکان آج دوپہر سیاسی پارٹیوں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ میٹنگیں کریں گے۔

کُل ضلع کلکٹروں اور SPs کی جانب سے انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں پرزنٹیشن دی جائیں گی۔ SVEEP نمائش کا دورہ کرنے کے علاوہ یہ ٹیم SVEEP کی سرگرمیوں میں بھی شامل ہوگی اور پی ڈبلیو ڈی اور نوعمر ووٹروں کے ساتھ ساتھ ریاست کی سرکردہ شخصیات کے ساتھ تبالہ خیال کرے گی۔ اپنے دورے کے آخری روز یہ ٹیم ریاست کے چیف سکریٹری اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل کے ساتھ ایک میٹنگ کرے گی۔ تلنگانہ میں اس سال کے آخر میں اسمبلی انتخابات ہونے ہیں۔×

**PUNJAB SWACHHATA SEVAE**

پنجاب حکومت نے سووچھتا ہی سیوا مہم کے تحت صفائی ستھرائی اور دیگر متعلقہ سرگرمیوں کے سلسلے میں بہترین کارکردگی انجام دینے والی پنچایتوں، اسکولوں اور صفائی سیوک کو اعزازت سے نوازا ہے۔ جل شکتی کی وزارت اور مکانات اور شہری امور کی وزارت کی جانب سے مشترکہ طور پر 'کوڑے کرکٹ سے پاک بھارت' کے موضوع کے تحت 15 ستمبر سے 2 اکتوبر تک ریاست گیر مہم کا اہتمام کیا گیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Shishu Sharma Shantal**

*ریاست کی کُل 24 گرام پنچایتوں کو اُتّم گاؤں ایوارڈ، 23 اسکولوں اُتّم ایوارڈ اور 23 صفائی سیوک کو اُتّم صفائی سیوک ایوارڈ دیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف محکموں کے افسران اور ملازمین کو بھی اعزازات سے نوازا گیا۔ ان پنچایتوں، اسکولوں اور صفائی سیوک نے صفائی ستھرائی اور گیلے اور سوکھے کچرے کے مناسب بندوبست کے سلسلے میں بہترین اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے اپنے آس پاس کے علاقے کو خوبصورت بنانے، صفائی ستھرائی کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور اپنے علاقے کے شہریوں کو حفظان صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں بھی تعاون کیا ہے۔*

*جالندھر سے شیشوشرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**JITENDRA SINGH -ISRO**

سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ خلائی تحقیق کے معاملے میں بھارت کا رُتبہ دن بہ دن بڑھ رہا ہے اور وہ اب خلائی شعبے میں مہارت رکھنے والے ملکوں کے ساتھ شانہ بشانہ چل رہا ہے۔ کل نئی دلّی میں ایک تقریب میں **ISRO** کے سائنسدانوں کی عزت افزائی کرتے ہوئے ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ **ISRO** کو اب دنیا بھر میں ایک سرکردہ خلائی ایجنسی تصور کیا جاتا ہے۔ **BYTE; JITENDRA SINGH**

انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اور روس جیسے ملک، جو ایک وقت میں بھارت کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے تھے، اب وہ بھارت کے ساتھ شراکت داری کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے خلائی تحقیق کو فروغ دینے کی خاطر وزیراعظم نریندر مودی کی کاوشوں کو اُجاگر کیا، جس کے سبب شفافیت میں اضافہ ہوا ہے اور شہریوں کے درمیان **ISRO** کی مقبولیت بڑھی ہے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ بھارت کو، سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں قیادت کیلئے خود کو وقف کرنے والے افراد اور تنظیموں کے اشتراک کی ضرورت ہے۔x

**TELANGANA PRC**

تلنگانہ ریاستی حکومت کے ملازمین کو تنخواہوں کے نئے **Scales** کے لیے سفارشات کی خاطر تنخواہوں پر نظرِ ثانی سے متعلق دوسری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ کے.چندرشیکھر راؤ نے کل حیدرآباد میں اس فیصلے کا اعلان کیا ہے۔ ریٹائرڈ **IAS** افسر این۔شیو شنکر کو چیئرمین کی حیثیت سے جبکہ ایک اور ریٹائرڈ **IAS** افسر بی۔رمیّا کو کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے مقرر کیا گیا ہے اور ریاست کی چیف سکریٹری **Santhi** کماری نے اس سلسلے میں احکامات جاری کیے ہیں۔ کمیٹی کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ چھ ماہ کے اندر اپنی رپورٹ داخل کرے۔x

**J&K SANSKRIT MAHOTSAV**

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوجہ سنہا نے کل سری نگر میں سنسکرتی مہوتسو میں شرکت کی، جس میں کرناٹک کے لوک رقص کا مظاہرہ کیا گیا۔ اپنے خطاب میں لیفٹیننٹ گورنر نے کرناٹک سے آئے فنکاروں کا خیر مقدم کیا اور فن وثقافت اور زبانوں سے متعلق جموں وکشمیر اکیڈمی کی کوششوں کی ستائش کی۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ ہمارا اصل مقصد اپنی گونا گوں ثقافت کو مقبول بنانا اور نئی نسل کو ملک کے مختلف غیر معمولی فنون سے مربوط کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تقریبات 'ایک بھارت شریشٹھ بھارت' کی بہترین مثال ہے اور اِن سے معاشرے میں امن وخوشحالی پیدا ہوگی۔×

**IMD RAINFALL**

بھارت کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے دو دن کے دوران بہار، جھارکھنڈ، ہمالیہ کے ذیلی علاقے، مغربی بنگال، سکم، شمالی اڈیشہ، شمالی چھتیس گڑھ میں شدید سے بہت شدید بارش کے جاری رہنے کا امکان ہے۔ اپنی تازہ ترین اطلاع میں محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی جھارکھنڈ اور اُس سے ملحق شمالی چھتیس گڑھ کے اوپر کم دباؤ کا حلقہ بن گیا ہے۔ مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ خطہ میں بھی آج ہلکی سے معتدل بارش ہونے کا امکان ہے جس میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور بجلی چمکنے کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔

محکمہ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ اگلے 48 گھنٹوں کے دوران ملک کے باقی حصوں سے جنوب مغربی مانسون کا سلسلہ مزید ختم ہونے کے لیے حالات سازگار رہیں گے۔×

**MEXICO MIGRANTS**

میکسیکو کے صدر Andres Manuel Lopez Obrador نے کہا ہے کہ گذشتہ ہفتے ر تقریباً دس ہزار مائیگرینٹس اور پناہ کے خواہشمند افراد امریکہ میکسیکو سرحد پر پہنچے ہیں۔ پیر کے روز Monterrey میںایک پریس کانفرنس کے دوران انھوں نے کہا کہ یومیہ تقریباً 6 ہزار لوگ جنوبی میکسیکو میں داخل ہو رہے ہیں اور بڑی تعداد میں لوگ امریکہ میکسیکو سرحد پر پہنچ رہے ہیں۔ میکسیکو کے صدر نے اس بات پر زور دیا کہ افسران کو کام ڈھونڈنے اور ان کی زندگی کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے لوگوں کی ضروریات سمیت ہجرت کرنے کی اصل وجہ کا پتہ لگانا چاہیے۔ انھوں نے سمجھ بوجھ اور تعاون کرنے پر زور دیا تاکہ لوگوں کو ہجرت پر مجبور ہونا نہ پڑے۔x

**BANGLADESH COLLEGE**

بنگلہ دیش میں بھارت کے ہائی کمشنر Pranay Verma نے کل بنگلہ دیش کے Comilla ضلع میں کاشی نگر ڈگری کالج کی ایک عمارت کا افتتاح کیا۔

اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ہائی کمشنر نے کہا کہ High Impact Community Development Projects (HICDP) طریقہ کار کے تحت، چار منزلہ تعلیمی عمارت تیار کی گئی ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ

مذکورہ کالج عمارت، اپنے علاقے میں طلباء کو معیاری تعلیم حاصل کرنے میں بہت زیادہ معاون ہوگی۔ بھارتی حکومت HICDP طریقہ کار کے تحت، سماجی، ثقافتی، تعلیمی اور طبی نگہداشت جیسے سیکٹروں میں ترقی سے متعلق پروجیکٹوں کیلئے سرمایہ فراہم کرتی ہے۔
جناب ورما نے مزید کہا کہ بھارتی حکومت بنگلہ دیش کے مختلف ضلعوں میں اس طرح کے 93 پروجیکٹوں پر کام کررہی ہے، ان میں سے 76 پروجیکٹوں کو اب تک مکمل کیا جاچکا ہے۔ افتتاح کی اس تقریب میں بڑی تعداد میں مقامی افراد نے شرکت کی۔x

## NOBEL MEDICINE

ہنگری سے تعلق رکھنے والی امریکی پروفیسر Katalin Kariko اور امریکہ کی فزیشین ۔ سائنس داں پروفیسر Drew Weissman کو Messenger RNA (mRNA) ٹیکنالوجی پر کام کرنے کے لیے مشترکہ طور پر 2023 کا نوبل انعام دیا گیا ہے، یہ ایسی ٹیکنالوجی ہے جس سے کووڈ19 ویکسین بنانے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔
نوبل انعام کمیٹی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پروفیسر Kariko اور پروفیسرWeissman کی اہم تحقیقات نے بنیادی طور پر اس فہم کو تبدیل کردیا ہے کہ کس طرح انسان کی قوت مدافعت کے نظام کے ساتھ mRNA تال میل کے ساتھ کام کرتا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ دونوں سائنس دانوں نے ایسے وقت میں ویکسین بنانے کا غیر معمولی کارنامہ انجام دیا ہے جب انسانی صحت کو سب سے بڑا خطرہ لاحق تھا۔
پروفیسر Kariko اور Weissman امریکہ میں ایک لمبے عرصے سے یونیورسٹی آف Pennsylvania میں ایک ساتھ کام کر رہے ہیں، دونوں کو ہی ان کی تحقیق کے لیے کئی اہم ایوارڈ پہلے بھی مل چکے ہیں۔ جن میں 2021 میں باوقار Laskar ایوارڈ شامل ہے جو عام طور پر نوبل انعام سے پہلے حاصل کیے جاتے ہیں۔ اسٹاک ہوم میں دس دسمبر کو ایک باقاعدہ تقریب کے دوران دونوں سائنسداں اپنا انعام حاصل کریں گے۔ اس دن مشہور سائنس داں Alfred Nobel کی برسی ہے، جس نے اپنے آخری وصیت نامے میں ان انعامات کو قائم کرنے کا اعلان کیا تھا۔x

## ASIAN GAMES

چین کے شہر Hangzhou میں جاری ایشین کھیلوں کے دسویں دن ایشیائی کھیلوں میں دو مرتبہ کانسے کا تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو اور ایچ ایس پرونائے آج بیڈمنٹن کے سنگلز مقابلے میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔
عالمی چیمپئن باکسر Lovlina Borgohain سیمی فائنل میں جیت کے ساتھ آج خواتین کے 75 کلوگرام اولمپک کوٹے میں اپنی جگہ بنا سکتی ہیں۔ خواتین کے 54 کلوگرام زمرے میں پریتی پوار اور مردوں کے پلس 92 کلوگرام زمرے میں نریندر بھی فائنل میں جگہ بنانے کے لیے مقابلہ کریں گے۔

تیر اندازی میں جیوتی سریکھا اور Aditi نے اپنے اپنے کوارٹرفائنل مقابلے جیت لیے ہیں‌اور وہ سیمی فائنل میں ایک دوسرے کے خلاف کھیلیں گی۔ بھارت کی مردوں کی کرکٹ ٹیم نے کوارٹر فائنل میں نیپال کے سامنے جیت کے لیے 202 رن کا نشانہ رکھا ہے۔یہ20 اوور کا میچ ہے۔

بھارت نے کل، چاندی کے تین اور کانسے کے چار تمغے جیتے ہیں۔ اس طرح ملک مجموعی طور پر 60 تمغے حاصل کر چکا ہے جس میں سونے کے 13، چاندی کے 24 اور کانسے کے 23 تمغے شامل ہیں۔ بھارت فی الحال تمغوں کے اعتبار سے چوتھے مقام پر ہے۔ آج ایشین گیمز میں بھارت کی مردوں کی کرکٹ ٹیم کوارٹر فائنل میں نیپال کے خلاف کھیلے گی۔ بیڈمنٹن میں پی وی سندھو اور ایچ ایس پرونائے اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ کبڈی میں سات بار کا چیمپئن بھارت مردوں کے مقابلے میں بنگلہ دیش کا سامنا کرے گا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ارجمند علی خان

شکریہ – شبانہ رحمان

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سمیت سرکردہ شخصیات نے مہاتما گاندھی اور لال بہادر شاستری کو، ان کی جینتی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ اس خبر کو روزنامہ انقلاب اور اخبار مشرق سمیت کئی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ بڑی خبر کے طور پر پیش کیا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل پر سووچھتا ہی سیوا مہم چلائی گئی۔ یہ خبر بھی تقریباً سبھی اخباروں میں نمایاں ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے ہاتھوں راجستھان میں 7 ہزار کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھے جانے کو بڑی خبر بنایا ہے۔

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر امریکہ-بھارت تعلقات کے معمار، امریکہ کے اس بیان کو روزنامہ پرتاپ نے خصوصیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔ اخبار مشرق اور ہندوستان ایکسپریس کی ایک خبر ہے کہ بھارتی فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے تنزانیہ کے دورے پر، اُن کے اس دورے سے دفاعی تعاون کو مضبوطی حاصل ہوگی۔کووڈ ویکسین تیار کرنے والے سائنسداں کو طب کا نوبل انعام 2023 دیا گیا، اس خبر کو روزنامہ انقلاب نے اولیت دی ہے۔

اس کے علاوہ اخبارات کے بین الاقوامی صفحہ کی کچھ خبریں ہیں۔

میکسکو چرچ کی چھت گرنے سے 9 افراد ہلاک، 50 زخمی۔

مصر میں پولیس اسٹیشن میں آتشزدگی سے 38 افراد زخمی۔

سعودی چیف آف اسٹاف کی بحرین کے اپنے ہم منصب سے ملاقات۔

سرمائے کی منڈی میں عوامی شمولیت ہماری اولین ترجیح / رجب طیب اردغان۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

☆ وزیراعظم نریندر مودی آج چھتیس گڑھ اور تلنگانہ میں مختلف پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ دلی پولیس نے NIA کو سب سے زیادہ مطلوب ISIS کے مشتبہ دہشت گرد شاہنواز اور دیگر دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن اگلے تین روز کے دوران تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لے گا۔

☆ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ اسرو کو اب دنیا میں سرکردہ خلائی ایجنسی تصور کیا جاتا ہے۔ انھوں نے اسرو سائنسدانوں کو مبارکباد دی۔

☆ اور Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں پی وی سندھو اور ایچ ایس پرونائے آج بیڈمنٹن میں اپنی سنگلز مہم کا آغاز کریں گے۔ Lovlina Borgorhain اپنا سیمی فائنل میچ کھیلیں گی۔

بھارت نے تمغوں کی فہرست میں سونے کے 13، چاندی کے 24 اور کانسے کے 23 تمغوں کے ساتھ کُل 60 تمغے حاصل کیے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------